© rasailojaraid.com

(ادارہ)

# اخبار الاحرار

## مجلس احرارِ اسلام کی تنظیمی سرگرمیاں

اوکاڑہ (۱۰ رنومبر) مجلس احرار اسلام اوکاڑہ کے کارکنوں کا اجلاس شیخ نسیم الصباح (صدر احرار اوکاڑہ) کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں رکن قومی اسمبلی مولانا محمد اعظم طارق کو دہشت گردی کا نشانہ بنا کر قتل کرنے کی شدید مذمت کی گئی۔ ایک قرارداد کے ذریعے حکومت سے مطالبہ کیا گیا کہ مولانا محمد اعظم طارق شہید کے قاتلوں کو فوری گرفتار کر کے عوام کے سامنے بے نقاب کیا جائے اور قانون کے مطابق عبرتناک سزا دی جائے۔ اجلاس میں شیخ مظہر سعید (جنرل سیکرٹری مجلس احرار اوکاڑہ) کے علاوہ دیگر کارکنوں نے بھی شرکت کی۔

☆☆☆

رحیم یار خان (۱۰ رنومبر) مجلس احرار اسلام ضلع رحیم یار خان کے رہنماؤں حافظ محمد اشرف، مرزا عبدالقیوم، صوفی محمد اسحٰق، مولانا فقیر اللہ رحمانی، مولوی بلال احمد اور حافظ عبدالرحیم نیاز نے اپنے مشترکہ بیان میں حکومت سے مطالبہ کیا کہ وہ مولانا اعظم طارق اور ان کے ساتھیوں کے قاتلوں کو جلد گرفتار کرے۔ احرار کارکنوں کے ایک تعزیتی اجلاس میں مولانا محمد اعظم طارق شہید کو اُن کی دینی خدمات پر زبردست خراج تحسین پیش کیا گیا۔ احرار رہنماؤں نے کہا کہ مولانا محمد اعظم طارق کا قتل، دہشت گردی کے خاتمے کا دعویٰ کرنے والی حکومت کے منہ پر طمانچہ ہے۔ حکومت امن وامان کے قیام اور ملک کے شہریوں کی جان ومال کی حفاظت کرنے میں بری طرح ناکام ہو چکی ہے۔ حکمران اپنی ناکامی کا اعتراف کرتے ہوئے مستعفی ہو جائیں۔

الغازی مشینری سٹور

ہمہ قسم چائنہ ڈیزل انجن، سپیئر پارٹس، تھوک وپرچون ارزاں نرخوں پر ہم سے طلب کریں

بلاک نمبر 9 کالج روڈ، ڈیرہ غازی خان فون: 0641-462501



© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

☆☆☆

گوجرانوالہ (۱۲ر نومبر) مجلس احرار اسلام گوجرانوالہ کے صدر قاری محمد اکرام نے احرار کارکنوں کے ایک اجلاس میں خطاب کرتے ہوئے حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ ملک کے کلیدی عہدوں سے قادیانیوں کو برطرف کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ قادیانی اسلام اور وطن دونوں کے غدار ہیں۔قیام پاکستان سے لے کر آج تک قادیانی وطن کی جڑیں کھوکھلی کر رہے ہیں۔حکومت قادیانیوں پر اعتماد نہ کرے اور کلیدی عہدوں سے انہیں فوراً برطرف کرے۔اجلاس میں مجلس احرار اسلام گوجرانوالہ کے دیگر رہنماؤں مہر محمد انور، خالد لطیف، صادق شاہد، قاری محمد اسماعیل، محمد عمر سلیم اور حافظ محمود الرشید نے بھی شرکت کی۔

جھنگ (۱۸ر نومبر) مجلس احرار اسلام جھنگ کے کارکنوں کا ایک اجلاس مولانا عبدالغفار احرار کی صدارت میں مدرسہ فاروقِ اعظم چاہ کالیمال موضع اصحابہ میں منعقد ہوا۔اجلاس میں مولانا محمد اعظم طارق کے قتل پر انتہائی غم کا اظہار کیا گیا۔مولانا اعظم طارق شہید کی دینی، قومی اور سیاسی خدمات پر انہیں خراج تحسین پیش کیا گیا۔حکومت سے مولانا شہید کے قاتلوں کی گرفتاری اور عبرتناک سزا کا مطالبہ کیا گیا۔احرار کارکنوں نے جھنگ میں تنظیمی صورت حال کا جائزہ لیتے ہوئے مولانا عبدالغفار کی سربراہی میں ایک کمیٹی تشکیل دی۔یہ کمیٹی رکنیت سازی مہم کی نگرانی کرے گی۔اجلاس میں فیصلہ کیا گیا کہ آئندہ تین چار ماہ میں رکنیت سازی مکمل کی جائے گی اور زیادہ سے زیادہ لوگوں کو احرار میں شمولیت کی دعوت دی جائے گی۔آئندہ ماہانہ اور ہنگامی اجلاس مولانا عبدالغفار کی رہائش گاہ (جھنگ شہر) میں منعقد ہوں گے۔اجلاس میں حافظ محمد اصغر عثمانی، ماسٹر عبدالمعبود، چودھری محمد اسلم، حافظ محمد اعجاز، چودھری عبدالحمید، ڈاکٹر محمد ارشد، چودھری محمد اکبر اور حافظ ممتاز احمد نے شرکت کی۔

☆......☆......☆

ملتان (۱۸ر نومبر) مجلس احرار اسلام ملتان کے امیر صوفی نذیر احمد، سیکرٹری جنرل شیخ بشیر احمد اور ناظم نشر و اشاعت شیخ حسین اختر لدھیانوی نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ اگر امریکہ اپنی بقا چاہتا ہے تو افغانستان اور عراق سے اپنی فوجیں فوری واپس بلائے اور وہاں کے شہریوں پر جاری ظلم وستم اور دہشت گردی فوراً بند کی جائے۔انہوں نے مزید کہا کہ قبائلی علاقوں میں حکومت کی جاری کارروائیوں سے وہاں کے عوام میں حکومت کے خلاف اشتعال روز بروز بڑھتا جارہا ہے۔جس کے انتہائی خطرناک نتائج برآمد ہوسکتے ہیں۔امریکہ کے ایماء پر کیا گیا یہ آپریشن فوراً بند کیا جائے۔احرار رہنماؤں نے کہا کہ دینی قوتوں کے خلاف موجودہ اٹھایا گیا اقدام ملک میں سیکولرازم کی راہ ہموار کرنے کے مترادف ہے۔


© rasailojaraid.com